2025-01-08

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

-----------------------------------------------------------

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج شام آندھرا پردیش میں، 2 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ لاگت والے پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔

2- اٹھارواں پرواسی بھارتیہ دِوَس کنونشن آج سے اُڈیشہ کی راجدھانی بھوبنیشور میں شروع ہوگا۔

3- 'ایک ملک ایک الیکشن' سے متعلق دو بِلوں پر، مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کی پہلی میٹنگ آج صبح نئی دلّی میں منعقد ہوگی۔

4- وی نارائنن کو، بھارتی خلائی تحقیق کی تنظیم اِسرو کا نیا چیئرمین اور خلا کے محکمے کا سیکریٹری مقرر کیا گیا ہے۔

5- پورے شمالی بھارت میں، شدید سردی کی لہر ہے۔ گھنے کہرے کے سبب خطّے میں ریل گاڑیوں اور پروازوں کی آمدورفت متاثر ہے۔

6- اور ہاکی انڈیا لیگ میں، راؤڑ کیلا میں، ویدانت کلِنگا لینسرز نے شراچی راڑ بنگال ٹائیگرس کو 6 صفر سے شکست دی۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Andhra Pradesh Visit

وزیر اعظم نریندر مودی آج آندھراپردیش میں، وشاکھا پٹنم سے، 2 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ لاگت والے پروجیکٹوں کا، ورچوئل وسیلے سے افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ وہ وشاکھا پٹنم کے نزدیک 'پُڈِم ڈھاکہ' میں، جدید ترین طرز کے NTPC گرین اینرجی لمیٹڈ کے، ماحول کے لیے سازگار ہائیڈروجن مرکز کے پروجیکٹ کا بھی سنگِ بنیاد رکھیں گے، جس پر ایک لاکھ 85 ہزار کروڑ روپے خرچ آئے گا۔ ماحول کے لیے سازگار ہائیڈروجن کے قومی مشن کے تحت، یہ پہلا گرین ہائیڈروجن ہب ہوگا۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Sri Sai

وزیر اعظم نریندر مودی، آندھرا پردیش میں بنیادی ڈھانچوں کے پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھنے اور افتتاح کرنے کے لیے آج شام وشاکھا پٹنم پہنچیں گے۔ امید ہے کہ اِن پروجیکٹوں سے روزگار کے ایک لاکھ سے زیادہ موقعے پیدا ہوں گے اور علاقائی ترقی میں اضافہ ہوگا۔ وزیر اعظم، وزیر اعلیٰ این چندر بابو نائیڈو اور وزیر اعلیٰ کے-پَون کلیان کے ساتھ ایک روڈ شو میں حصہ لیں گے، اِس کے بعد وہ آندھرا یونیورسٹی انجینئرنگ کے احاطے میں عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔ آندھرا پردیش میں جون 2024 میں NDA اتحاد کی زبردست کامیابی کے بعد سے اب تک، وزیر اعظم مودی کا اِس ریاست کا یہ پہلا دورہ ہے۔ وزیر اعظم مختلف ریلوے اور سڑک پروجیکٹوں کا بھی ورچوئل وسیلے سے سنگِ بنیاد رکھیں گے، جس میں وشاکھا پٹنم میں جنوبی ساحل کا، ریلوے صدر دفتر اور اَنکا پلّی ضلعے میں، نکّا پلّی کے مقام پر دواؤں کا ایک وسیع پارک بھی شامل ہے۔ وہ تِروپتی ضلعے میں چنئی-بنگلورو صنعتی راہداری کے تحت، کرشنا پٹنم صنعتی علاقے Kris City کا بھی ورچوئل وسیلے سے سنگِ بنیاد رکھیں گے۔

وشاکھا پٹنم سے سری سائی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ...........

## Pravasi Bharatiya Divas

18واں پرواسی بھارتیہ دِوَس کنونشن، آج صبح اُڈیشہ کے شہر بھوبنیشور میں شروع ہو رہا ہے۔ اُڈیشہ سرکار، ریاست کی مالامال ثقافت اور وراثت کو، تقریباً 6 ہزار غیر مقیم بھارتیوں NRIs کے سامنے نمایاں کرنے کو تیار ہے۔ اِن NRIs کا تعلق 75 ملکوں سے ہے۔ یہ کنونشن پرواسی بھارتیہ دِوَس کی نوجوانوں کی تقریب سے شروع ہوگا، جس کا اہتمام اُڈیشہ سرکار نے، نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کی مرکزی وزارت کے ساتھ مل کر کیا ہے۔

مرکزی وزراء ایس جے شنکر، Pabitra Margherita، منسکھ مانڈویا اور رَکشا نِکھل کھڑسے، نیز اُڈیشہ کے وزیر اعلیٰ موہن چرن ماجھی بھی آج کے، نوجوانوں کے پرواسی بھارتیہ دِوَس میں شرکت کریں گے۔

## V/C Prakash Dash

تین روزہ، 18 ویں پرواسی بھارتیہ دِوَس کی تقریبات کو، جو آج بھوبنیشور میں شروع ہو رہی ہیں، ایک اہم موقع سمجھا جا رہا ہے، جب دنیا بھر کی بھارتی برادری کے ساتھ بھارت کے رشتوں کا جشن منایا جائے گا۔ تقریب کا افتتاح کل وزیر اعظم نریندر مودی کریں گے۔ اِن تقریبات میں، وہ بہت سی سرگرمیاں بھی شامل ہیں، جن کے ذریعے بھارت کی ترقی اور اِس کی عالمی شبیہ کو تشکیل دینے میں، بیرونِ ملک بھارتی برادری کے تعاون کو اُجاگر کیا جائے گا۔ اِن تقریبات کی ایک خاص بات یہ ہے کہ اِن میں Trinidad اور Tobago کی صدر Christine Carla Kangaloo بھی مہمانِ کے طور پر ورچوئل وسیلے سے شرکت کریں گی۔ اِن تقریبات کا انعقاد ایک وِکست بھارت میں، بیرونِ ملک بھارتی آبادی کے تعاون کے موضوع پر کیا جا رہا ہے۔

صدر دروپدی مرمو جمعہ کو اِس کے اختتامی جلسے کی صدارت کریں گی۔ وہ، بیرونِ ملک بھارتی برادری کے ارکان کو پرواسی بھارتیہ سمّان سے بھی نوازیں گی، جس کا مقصد مختلف میدانوں میں اِن لوگوں کی حصولیابیوں کا اعتراف کرنا ہے۔

بھوبنیشور سے پرکاش داش کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ...........

JPC One Nation One Election

ایک ملک ایک انتخاب سے متعلق دو بلوں پر تبادلہ خیال کے لیے مشترکہ پارلیمانی کمیٹیJPC، کی آج پہلی میٹنگ ہوگی۔ ان بلوں کو جو نام دیے گئے ہیں، وہ ہیں:

آئین) 129 واں ترمیمی(بل2024 اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے قوانین (ترمیمی) بل 2024

میٹنگ کے دوران قانون اور انصاف کی وزارت کے قانون ساز محکمے کے نمائندے، مجوزہ قوانین کی گنجائشوں سے اراکین کو واقف کرائیں گے۔

مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے 39 اراکین میں سے 27 اراکین لوک سبھا سے ہیں جبکہ 12 اراکین کا تعلق راجیہ سبھا سے ہے۔

مشترکہ پارلیمانی کمیٹی اپنی رپورٹ اگلے پارلیمانی اجلاس کے آخری ہفتے کے پہلے دن سونپے گی۔x

Shah Yogi Meeting

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ تین نئے فوجداری قوانین، سزا پر نہیں، بلکہ یہ متاثرین پر مرکوز ہیں اور اِن کا مقصد تیز رفتاری سے، انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے یہ بات نئی دلّی میں ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ یہ میٹنگ اترپردیش میں اِن تین قوانین پر عمل درآمد کے سلسلے میں، وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ کے ساتھ کی گئی۔

جناب شاہ نے زور دے کر کہا کہ نئے فوجداری قوانین پر، اِس سال مارچ تک، 100 فیصد عمل درآمد کو، اترپردیش کے ساتوں کمشنریٹس میں یقینی بنایا جائے۔×

Gadkari Road Safety

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے پورے بھارت میں، ڈرائیوروں کی تربیت کے اداروں DTIs کی ایک اسکیم کا اعلان کیا ہے۔ اِس اسکیم کے تحت، DTIs قائم کرنے کے لیے ترغیبات، اور ٹیسٹنگ کے خودکار اسٹیشنوں اور DTIs کے مربوط بنیادی ڈھانچے کے لیے اضافی ترغیبات فراہم کی جائیں گی۔

ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک میں ہُنرمند ڈرائیوروں کی کمی ہے اور حکومت، ملک میں ڈرائیونگ کے مزید تربیتی مرکز قائم کرنا چاہتی ہے۔

S/B Nitin Gadkari

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

ISRO V Narayanan

مرکز نے کل، وی نارائنن کو، بھارتی خلائی تحقیق کی تنظیم اِسرو کا نیا چیئرمین اور خلا کے محکمے کا سیکریٹری مقرر کیا ہے۔ وی نارائنن اِن عہدوں کی ذمہ داریاں 14 جنوری کو سنبھالیں گے۔ وہ اِسرو کے موجودہ چیئرمین ایس سومناتھ کی جگہ لیں گے۔

جناب نارائنن کو، اگلا نوٹس جاری ہونے تک دو سال کے لیے اِن عہدوں کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔ وہ فی الحال کیرالہ کے وَلیامالا شہر اِسرو کے Liquid Propulsion Systems کے مرکز LPSC کے ڈائریکٹر ہیں۔

جناب وی نارائنن ایک ممتاز سائنسداں ہیں اور اُنہیں راکٹ اور سیارچوں کو خلا میں بھیجنے کا تقریباً 40 سال کا تجربہ ہے۔x

Maha Kumbh

پریاگ راج میں مہاکمبھ میلے کے دوران اترپردیش سڑک ٹرانسپورٹ کارپوریشن، UPSRTC عقیدتمندوں کو لانے-لیجانے کے لیے الیکٹرک بسیں چلائے گی۔ اِس دوران مہا کمبھ علاقے میں عقیدتمندوں کی بڑی تعداد کی آمدکے پیش نظر کارپوریشن، سات ہزار دیہی بسیں اور 350شٹل بسیں چلائے گی۔ اسنان کے اہم دنوں کے دوران پریاگ راج سے متصل ضلعوں سے آنے والی بسوں کو 8 عارضی بس اسٹیشنوں سے چلایا جائے گا، جنھیں بھیڑ کے بندوبست اور آسان آمدروفت کو یقینی بنانے کے لیے باہری علاقوں میں قائم کیا گیا ہے۔x

World Telgu Conference

عالمی تیلگو کانفرنس آج آندھرا پردیش کے راجا مہندراورم میں واقع گوداوری گلوبل یونیورسٹی میں شروع ہوگی۔ اس دو روزہ تقریب میں معروف تیلگو قلمکار، ادبی شخصیتیں سابق نائب صدر جمہوریہ ایم وینکیا نائیڈو، سابق چیف جسٹس NV Ramana دونوں تیلگو ریاستوں کے گورنر صاحبان، مرکزی اور صوبائی وزراء پارلیمنٹ، فنکار اور اداکار شرکت کریں گے۔

یہ پروگرام تیلگو زبان و ادب، اور ثقافتی ورثے کے جشن کے طور پر منعقد کیا جائے گا۔ یہ عالمی کانفرنس شعری نشست، مقابلے اور دیگر ثقافتی سرگرمیوں پر مبنی ہوگا۔x

Indusfood 2025

ملک کی ’کھیت سے کھانے کی ٹیبل تک‘ تجارتی نمائش ’اِنڈس فُوڈ 2025‘ آج گریٹر نوئیڈا میں، انڈیا ایکسپوزیشن مارٹ میں شروع ہوگی۔ خوراک کی ڈبّہ بندی کی صنعتوں کے مرکزی وزیر چراغ پاسوان، اِس تین روزہ نمائش کا افتتاح  کریں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Indusfood

’اِنڈس فوڈ 2025‘ ایشیا کی خوراک اور مشروبات کی سب سے بڑی سالانہ تجارتی نمائش ہے۔ اِس میں 30 سے زیادہ ملکوں کے 2 ہزار 300 سے زیادہ نمائش کار یکجا ہوں گے۔ امید ہے کہ اِس میں 7 ہزار 500 بین الاقوامی بائرز اور 15 ہزار بھارتی بائرز اور تجارتی افراد شرکت کریں گے۔ اِس نمائش میں مزید دو تقریبات منعقد کی جائیں گی، جن میں اِنڈس فوڈ مینوفیکچرنگ شامل ہے، جس میں خوراک کی ڈبّہ بندی، پیکیجنگ اور میزبانی کی ٹیکنالوجیز پر توجہ مرکوز رہے گی اور اِنڈس فوڈ ایگری ٹیک شامل ہے، جو زراعت، ماہی پروَری، ڈیری اور پولٹری سے متعلق ٹیکنالوجی کے لیے مخصوص ہے۔ یہ دونوں تقریبات نئی دلّی کے یَشو بھومی-دوارکا میں 9 سے 11 جنوری تک منعقد کی جائیں گی۔

اِس نمائش میں 35 بین الاقوامی شیف، 100 بھارتی مندوبین اور دلّی NCR کے پیشہ ور افراد حصہ لیں گے۔

نیوز ڈیسک کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ...........

## IIT Bombay Atman 2.0

IIT بامبے میں، ٹیکنالوجی کے اختراعی مرکز میں، ATMAN دوئم کا انعقاد کیا گیا۔ یہ تقریب بھارت کے سرکردہ اداروں سے وابستہ اختراع کاروں، محققین اور سرکردہ شخصیتوں کے لیے مخصوص تھی۔ اِس کا مقصد زرعی اصلاحات کے ترجمے کے میدان میں پیش رفت کو نمایاں کرنا ہے۔ اِس تقریب میں، سرکردہ یونیورسٹیوں کے Deeptech تعلیمی محققین نے شرکت کی۔×

## Centre Mukherjee Memorial

حکومت نے راج گھاٹ کی حدود میں واقع راشٹریہ سمرتی کامپلکس علاقے میں سابق صدر جمہوریہ پرنب مکھرجی کی یادگار تعمیر کرنے کے لیے جگہ کو قطعی شکل دے دی ہے۔

اس فیصلے کے بعد آنجہانی صدر جمہوریہ کی دختر شرمشٹھا مکھرجی نے وزیراعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کیا۔x

## IMD Weather

پورے شمالی بھارت میں، کڑاکے کی سردی پڑ رہی ہے۔ بھارت کے محکمہئ موسمیات IMD نے آج، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، اترپردیش اور راجستھان میں شدید سردی کی پیشگوئی کی ہے۔

محکمے نے بتایا کہ شمالی بھارت کے علاقوں میں اگلے تین چار دن تک، صبح اور رات کے وقت گھنا کہرا چھایا رہے گا۔ امکان ہے کہ آج شمال مشرقی خطّے میں، الگ الگ جگہوں پر گرج چمک کا سلسلہ جاری رہے۔

محکمے نے یہ پیشگوئی بھی کی ہے کہ اگلے دو دن کے دوران، شمال مغربی، وسطی اور مشرقی بھارت کے درجہئ حرارت میں، 2 سے 4 ڈگری سیلسئس کمی آئے گی۔

ملک کے شمالی خطّے میں گھنے کہرے کی وجہ سے، بہت سی ریل خدمات اور پروازیں متاثر ہوئی ہیں۔

دلّی آنے والی تقریباً 25 ریل گاڑیاں گل، 5 سے 6 گھنٹے تاخیر سے پہنچیں اور دلّی میں اندرا گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر تقریباً 50 پروازوں میں تاخیر ہوئی۔×

MP Parth Yojana

مدھیہ پردیش میں، وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو آج ریاستی راجدھانی بھوپال سے کھیل اور نوجوانوں کی بہبود کے محکمے کی پارتھ اسکیم کا آغاز کریں گے۔

مدھیہ پردیش کے کھیلوں اور نوجوانوں کی بہبود کے وزیر وشواس سارنگ نے بتایا کہ پارتھ اسکیم کے تحت ریاست کے نوجوانوں کو ملازمت کے مواقع فراہم کرنے کے لیے تقرری سے قبل کی تربیت دی جائے گی۔x

S/B Vishvas Sarang

Protest Gilgit Baltistan

پاکستان کے پہاڑی علاقے مقبوضہ گلگت-بلتستان میں بجلی کی لمبی کٹوتی پر ہزاروں لوگوں کے مظاہروں کی وجہ سے چین کے ساتھ اہم تجارتی راستہ کل پانچویں دن بھی بند رہا۔

ہُنزہ شہر میں دھرنے کا انعقاد کرنے والوں نے کہا ہے کہ وہ اپنے مطالبات پورے ہونے تک مظاہرے جاری رکھیں گے۔ مظاہرین نے شہر کی ناکافی بجلی فراہمی کو یہ کہتے ہوئے نشانہ بنایا کہ رہائشیوں کو سردی کے شدید موسم کے دوران 23گھنٹے کی بجلی کی لوڈ شیڈنگ سے گذرنا پڑ رہا ہے۔x

HIL Hockey

ہاکی انڈیا لیگ کے تحت راؤر کیلا کے برسامنڈا اسٹیڈیم میں کل رات کھیلے گئے مقابلے میں ویدانتا کلنگ لینسرس نے شراچی راڑھ بنگال ٹائیگرس کو صفر کے مقابلے 6 گول سے شکست دی۔ اس طرح لینسرس نے سیزن کی اپنی پہلی جیت درج کی۔ لینسرس کی جانب سے Thierry Brinkman نے تیسرے اور 47 ویں منٹ میں دو-دو گول کیے۔ پوائنٹس ٹیبل میں سرفہرست ہونے کے باوجود بنگال ٹائیگرس، لینسرس کے حملوں کو روکنے میں ناکام رہے۔

ہاکی انڈیا لیگ میں آج شام 6 بجے ٹیم گوناسکا کا مقابلہ تملناڈو ڈریگنس سے ہوگا۔ وہیں رات سوا آٹھ بجے راؤر کیلا میں UP رُودراس اور حیدرآباد طوفانس آمنے سامنے ہونگے۔x

Sports Roundup with VC

کھیلوں کی دنیا میں مردوں کے شارٹ پُٹ میں ایشین گیمز چیمپئن بہادر سنگھ ساگُو کو ایتھلیٹکس فیڈریشن آف انڈیا، AFI کا نیا صدر چنا گیا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C Chirag Jha

AFI کے نئے صدر، سبکدوش ہو رہے صدرAdille Sumariwalla کی جگہ لیں گے، جو سال 2012 سے صدر کی ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں۔ یہ اعلان چنڈی گڑھ میں کل سے شروع ہوئی فیڈریشن کی دو روزہ سالانہ جنرل اسمبلی میٹنگ کے دوران کیا گیا۔

ملیشیا اوپن بیڈ منٹن میں آج کوالا لمپور میں پری کوارٹر فائنل میں ٹریسا جولی اور گایتری گوپی چند پر مشتمل خواتین کی بھارتی جوڑی کا مقابلہ Zhang Shuxian اور Jia Yifan کی چینی جوڑی سے ہوگا۔ دوسری جانب بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی لکشیہ سین، چینی تائپے کے کھلاڑی کے ہاتھوں شکست کے بعد پہلے راؤنڈ میں ہی ٹورنامنٹ سے باہر ہوگئے ہیں۔ خواتین کے سنگلز مقابلوں میں بھارت کی مالوِکا بنسوڑ، آکرشی کشیپ اور اَنوپما اُپادھیائے اپنے اپنے مقابلے کھلیں گی۔

وہیں مردوں کے سنگلز مقابلوں میں پریانشو راجاوَت کا مقابلہ چین کے Li Shifeng سے ہوگا۔

دلی سے چراغ جھا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں..................

ISL Football

انڈین سُپر لیگ فٹبال میں گوا کے جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں آج FC گوا کا مقابلہ حیدرآباد FC سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔

اِس میچ کو جیت کر جہاں FC گوا، لگاتار تین کامیابیوں کا ریکارڈ قائم کرنا چاہے گی وہیں حیدرآباد FC بنا کوئی گول کیے لگاتار تین ناکامیوں کے اپنے سلسلے کو توڑنا چاہے گی۔

پوائنٹس ٹیبل میں FC گوا تیسرے نمبر پر جبکہ حیدرآباد FC بارہویں نمبر پر ہے-x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... اسد اللہ

شکریہ - ضمیر

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ ملاپ نے امریکہ کے قومی سلامتی کے مشیر Jack Sullivan کی وزیراعظم نریندر مودی سے ملاقات کی خبر کو شہ سرخیوں میں شائع کیا ہے۔ اخبار لکھتا ہے کہ اس ملاقات میں ٹیکنالوجی، دفاع، خلاء، بائیو ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت سمیت مختلف شعبوں میں بھارت۔امریکہ دفاعی شراکت داری کی پیش رفت پر بات چیت کی گئی۔

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کی مالدیپ کے اپنے ہم منصب محمد غسان مامون سے دو طرفہ ملاقات کی خبر کو بیشتر اخباروں نے نمایاں کیا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا، انقلاب اور ہندوستان ایکسپریس سمیت کئی اردو اخباروں نے دلی میں اسمبلی چناؤ کی تاریخ کے اعلان کو بڑی خبر کے طور پر پیش کیا ہے۔ اخبار لکھتا ہے کہ ’دلی میں پولنگ 5 اور نتائج 8 فروری کو‘۔

اس کے علاوہ آج کے اردو اخباروں نے HMP وائرس کے پیش نظر، بھارتی حکومت کی طرف سے نگرانی بڑھائے جانے اور اس وائرس سے نمٹنے کے اقدامات کو اجاگر کیا ہے۔

مرکزی حکومت کی تمام فلاحی اسکیموں اور پروگراموں تک آسان رسائی کے لیے ای شرم پورٹل کو تمام 22 شیڈول زبانوں میں دستیاب کرائے جانے کی خبر کو ہندوستان ایکسپریس نے صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔

اخبارات کی بین الاقوامی خبریں کچھ اس طرح ہیں:

* امریکہ نے شام کی عبوری حکومت پر لگائی گئی کچھ پابندیوں میں نرمی کی۔
* عمران خان کے خلاف القادر ٹرسٹ کیس کا فیصلہ دوسری بار مؤخر۔
* بھارت جاپانی سرمایہ کاری کے لیے پسندیدہ مقام بن گیا ہے۔
* تبت میں تباہ کُن زلزلہ: 100 سے زائد افراد ہلاک۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج شام آندھرا پردیش میں، 2 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ لاگت والے پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔

2- اٹھارواں پرواسی بھارتیہ دِوَس کنونشن آج سے اُڈیشہ کی راجدھانی بھوبنیشور میں شروع ہوگا۔

3- ’ایک ملک ایک الیکشن‘ سے متعلق دو بِلوں پر، مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کی پہلی میٹنگ آج صبح نئی دلّی میں منعقد ہوگی۔

4- وی نارائنن کو، بھارتی خلائی تحقیق کی تنظیم اِسرو کا نیا چیئرمین اور خلا کے محکمے کا سیکریٹری مقرر کیا گیا ہے۔

5- پورے شمالی بھارت میں، شدید سردی کی لہر ہے۔ گھنے کہرے کے سبب خطّے میں ریل گاڑیوں اور پروازوں کی آمدورفت متاثر ہے۔

6- اور ہاکی انڈیا لیگ میں، راؤڑ کیلا میں، ویدانت کلِنگا لینسرز نے شراچی راڑ بنگال ٹائیگرس کو 6 صفر سے شکست دی۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔